
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'دھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ دھ کو ا، و، ی، ے سے ملا سکیں۔ 'دھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:** بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف 'دھ' کا فلیش کارڈ 'دھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'دھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دکو دوچشمی 'ھ' کے ساتھ ملانا سیکھیں گے۔ 'دھ' کو بڑا کر کے تختہ سفید/سیاہ پر لکھا جائے گا اور بچوں کو آواز بتائی جائے گی۔ بچوں سے ہوا میں انگلی سے 'دھ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ 'دھ' کے ساتھ ا، و، ی، ے لکھ کر پڑھنا بتایا جائے گا۔<br><br><br>'دھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>(دھنیا ، دھکا ، دھوبی ، دھوم ، دھات ، دھڑکن) | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو فلیش کارڈز اور پلے ڈو دی جائے گی۔ بچے پلے ڈو سے 'دھ' بنا کر فلیش کارڈز میں سے 'دھ' کے الفاظ ڈھونڈ کر اس کے نیچے رکھیں گے۔ بچوں سے 'دھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 85 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے پڑھنے اور جملے لکھے جوڑ کے توڑ میں رنگ بھرنے میں بچوں کی راہنمائی کی جائے گی۔ تمام الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>دھ کے الفاظ فلیش کارڈز | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے 'دھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 84 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 84,85 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'ڈھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ ڈھ کو ا، و، ی، ے سے ملا سکیں۔ 'ڈھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کتاب صفحہ نمبر 86 پر دی گئی نظم کو کمرہ جماعت میں بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیے بھاری حروف والے الفاظ کی نشاندہی کروایئے۔ | 3 منٹ | 'ڈھ' کا فلیش کارڈ 'ڈھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف کے 'ڈھ' کی آواز اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>ڈھ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز سے متعارف کروایا جائے گا۔ ڈھ کو ہوا میں لکھیے اور بچوں سے بھی لکھنے کی مشق کروایئے۔ 'ڈھ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دے کر اس پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ڈھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سیاہ/ سفید پر لکھا جائے گا اور بچوں سے بلند خوانی کروائی جائے گی۔ ڈھا ڈھو ڈھی ڈھے<br>فلیش کارڈز کے ذریعے ڈھ کے الفاظ کی پڑھائی کروایئے (ڈھال، ڈھول، ڈھیر، ڈھولک، ڈھیلا، ڈھونڈا الفاظ کی پڑھائی تین سے چار بار کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں 'ڈھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز چھپائے جائیں گے۔ بچوں سے 'ڈھ' کی آواز پوچھ کر کمرہ جماعت میں ڈھ کے الفاظ فلیش کارڈز ڈھونڈنے کو کہا جائے گا۔ ڈھ کا لفظ ڈھونڈنے کے بعد بچہ / بچی اسے تختہ نرم پر لگا دیں گے اور پڑھ کر سنائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 88 کھولنے کو کہا جائے گا یہاں لکھے ڈھ کے الفاظ تختہ / سیاہ سفید پر لکھ کر بچوں سے ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو یہ الفاظ درست ادائیگی سے لکھنے کی مدد کی جائے گی۔ نیچے دیئے گئے جملے تختہ سفید / سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ 'ڈھ' کے الفاظ پر بچوں سے تالی بجانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | 'ڈھ' الفاظ فلیش کارڈز کتاب صفحہ نمبر 88 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے ڈھ کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 87 کیجیے۔ | 10 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 87 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'ڑھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ڈھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ ڑھ کو ا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'ڑھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ اور ڈھ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازیں اور الفاظ دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | 'ڑھ' کا فلیش کارڈ ڑھ کے الفاظ کے فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'ڑھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>تختہ سیاہ پر 'ڑ' اور 'ھ' کا فلیش کارڈ چسپاں کر کے بچوں کو 'ڑھ' کی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ د، ڈ، ڑ شرارتی حروف میں سے ہیں۔ یہ اپنے سے بعد میں آنے والے حروف سے نہیں جڑتے اس لیے دھ، ڈھ اور ڑھ کو الگ الگ لکھا جاتا ہے۔ ڑھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھا جائے گا اور بچوں سے پڑھوایا جائے گا یہ عمل تین سے چار بار کروایئے۔<br>ڑھ + ا = ڑھا     ڑھ + و = ڑھو<br>ڑھ + ی = ڑھی     ڑھ + ے = ڑھے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** معلّمہ بچوں کو Spin Wheel دیں گی معلّمہ دیے گئے خاکے سے Spin Wheel تیار کرے گی۔ بچوں کو Spin Wheel اور چھوٹا سفید بورڈ دیا جائے گا اور جوڑوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ ہر جوڑا Spin Wheel کو گھما کر لفظ بنائے گا اور بورڈ پر لکھے گا اس سرگرمی کے دوران بچوں کے پاس باری باری جا کر ان کی راہنمائی کی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 90 کھولنے کو کہا جائے گا۔ لکھائی سے پہلے تمام الفاظ پڑھوائے جائیں گے۔ بچوں کو لکھائی کرتے وقت نگرانی کی جائے گی اور اچھا کام کرنے پر شاباش دی جائے گی۔ | 20 منٹ | Spin Wheel<br>کتاب صفحہ نمبر 90 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'ڑھ' کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 89 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 89 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'کھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'کھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ کھ کو ا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'کھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ اور ڑھ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازیں اور الفاظ دہرائیں جائیں گے۔<br>**تعارف:** ک اور ھ کا فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے بچوں سے پوچھا جائے گا یہ کون سے حرف ہیں۔ 'کھ' لکھ کر آواز بتائی جائے گی اور سب کو دہرانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے مصوتوں کے بارے میں پوچھ کر 'کھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سفید پر لکھا جائے گا اور پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>کھ + ا = کھا کھ + و = کھو کھ + ی = کھی کھ + ے = کھے<br>بار بار ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ 'کھ' کے الفاظ بتائے جائیں گے (کھیر، کھایا، کھیرا، کھوٹ، کھوج، کھانا، کھڑکی وغیرہ)۔ چار حرفی الفاظ کے توڑ بتائے جائیں گے۔ مثلاً کھایا = کھ + ا + ی + ا<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں بھاری حروف 'بھ تا کھ' کے الفاظ فلیش کارڈز چھپائے جائیں گے اور بچوں کو چار گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ باری باری جائے گا اور الفاظ تلاش کرے گا۔ ہر گروپ کو پانچ پانچ منٹ کا وقت دیا جائے گا۔ جب سب گروپ فلیش کارڈز اکٹھے کر لیں گے تو بچوں کو اکٹھے کیے گئے الفاظ پڑھ کر بتانے ہوں گے اور 'کھ' کے فلیش کارڈز کو تختہ سفید/سیاہ پر چسپاں کرنا ہوگا۔ کھ کے الفاظ باقی بھاری الفاظ سے زیادہ ہوں گے۔ مثلاً (کھال، کھجور، کھلاڑی، کھمبا، کھلونا، کھیل، کھیرا، کھیت، کھانسی، کھوپرا، کھویا وغیرہ)۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 92 کھولنے کو کہا جائے گا 'ک' 'ھ' سے ملا کر لکھنے اور 'کھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی کتاب صفحہ نمبر 94 پر لفظ بتانے اور جملے پڑھے جائیں گے جملوں کو تختہ سفید/سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے 'کھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 93 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br><br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br>5 منٹ | بھاری حرف 'کھ' کا فلیش کارڈ<br><br><br><br><br><br><br>کتاب صفحہ نمبر 94,92<br>'کھ' کے الفاظ فلیش کارڈز<br><br><br><br>کتاب صفحہ نمبر 93 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'کھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | بھاری حرف 'گھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'گھ' کی آواز ، الفاظ پہچان سکیں۔ 'گھ' کوا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں ۔ 'گھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ اور کھ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازیں اور الفاظ دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | بھاری حرف 'گھ' کا فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'گھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'گھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز بتائی جائے گی اور بتایا جائے گا کہ 'گ' اور دوچشمی ھ کو ملا دیا جائے تو گ 'گھ' بن جاتا ہے۔ گھ کوا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سیاہ سفید پر لکھیے ۔ بچوں سے پڑھائی کروایئے گا، گھا کروایئے۔ 'گھ' کے الفاظ فلیش کارڈز تختہ سفید/نرم پر چسپاں کر کے درست ہجوں کے ساتھ ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ ( گھ، گھو، گھے یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔ بچوں سے ہوا میں گھا، گھو، گھی اور گھے لکھنے کی مشق کروایئے ۔ آواز کی دہرائی تین سے چار بار کے الفاظ = گھوڑا، گھر، گھاس، گھونسلہ، گھی، گھڑی، گھبرانہ ،گھاٹ وغیرہ)۔ | 10 منٹ | 'گھ' کے الفاظ فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریتلی تھالی دے کر گھا، گھو، گھی اور گھے لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی اور درست بناوٹ پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ تختہ سفید/سیاہ پر گھ کے الفاظ اور کچھ مختلف الفاظ لکھ کر بچوں سے 'گھ' کے الفاظ میں 'گھ' کے گرد دائرہ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 95 کھولنے کو کہا جائے گا گ کو ھ سے ملا کر لکھنے اور گھ کوا، و، ی، ے سے ملا کر لکھنے میں بچوں کی راہنمائی کی جائے گی۔ اچھا کام کرنے پر بچوں کو شاباش دی جائے گی۔ | 20 منٹ | ریتلی تھالی<br>کتاب صفحہ نمبر 95 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'گھ' کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 96 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 96 | |